میں سائنس کی ترقی، اسلامی و مغربی تہذیب اور پاکستان سے متعلق مضامین بھی اچھے اور مفید ہیں۔ ان کے علاوہ ناقابل فراموش اور حیرت انگیز واقعات و حادثات، شکار و حیوانات اور دیس بدیس کی باتیں محض دلچسپ اور سنسنی خیز نہیں بلکہ سبق آموز و معلومات افزا بھی ہیں۔ بحیثیت مجموعی یہ سالنامہ ایک بہت مفید اور کامیاب کوشش ہے جس کے لیے ادارۂ اردو ڈائجسٹ مستحق مبارکباد ہے۔

مسلم ورلڈ۔ کراچی

ایڈیٹر: انعام اللہ خاں

مقام اشاعت: ۲۹۴۔ بہادر شاہ ظفر روڈ۔ کراچی۔ ۵

یہ ہفت روزہ انگریزی اخبار مؤتمر عالم اسلامی کا ترجمان ہے۔ اور مؤتمر کے معتمد عمومی جناب انعام اللہ خاں کی ادارت میں اس کے مرکزی دفتر سے شائع ہوتا ہے۔ مؤتمر العالم الاسلامی (ورلڈ مسلم کانفرنس) تمام ملکوں کے مسلم عوام کی نمائندہ تنظیم ہے۔ اور مختلف ممالک میں اس کی شاخیں قائم ہیں۔ اسلامی دنیا اور مسلم ممالک کے کئی سربرآوردہ رہنما اس کی مرکزی و مقامی تنظیموں سے وابستہ ہیں۔ لیکن کسی ملک کی حکومت سے نہ اس کا تعلق ہے اور نہ یہ حکومت کے کاروبار میں مداخلت کرتی ہے۔ اسلامی اخوت کے تصور کو ایک زندہ طاقت اور عملی حقیقت بنا دینا اس تنظیم کا نصب العین ہے۔ انما المومنون اخوۃ کو اس نے مشعل ہدایت بنایا ہے اور اس ارشاد ربانی کے مطابق تمام دنیا کے مسلمانوں کو دینی اساس پر متحد و منظم کر کے ان کو ایک عالمگیر رشتے میں منسلک کر دینا اور دنیا کے ہر گوشے میں مسلمانوں کے اہم مفادات کا تحفظ کرنا اس کا بنیادی مقصد ہے۔ "مسلم ورلڈ" اسی مقصد کی تبلیغ و اشاعت کے لیے جاری کیا گیا ہے۔

اس اخبار میں ہر ہفتہ اہم خبریں اور معلومات افزا مضامین شائع کیے جاتے ہیں۔ مسلمانوں کے سیاسی مسائل، معاشی ترقی کے امکانات اور دینی و معاشرتی حالات کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے۔ مسلمانوں پر اثر انداز ہونے والے اہم واقعات پر سیر حاصل بحث کی جاتی ہے۔ مشاہیر کے سبق آموز کارناموں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ اور کسی ایک ملک کے مسلمانوں کے متعلق مفصل معلومات بہت اہتمام سے فراہم کیے جاتے ہیں۔ پاکستانی مسلمانوں کو ساری دنیا کے مسلمانوں سے غیر معمولی دلچسپی اور محبت ہے اور یہاں کے اخبارات و رسائل بھی اسلامی دنیا اور مسلمانوں کے متعلق مضامین بڑے اہتمام سے شائع کرتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ جرائد مسلم ورلڈ کے مضامین بالخصوص اسلامی ممالک کے معاشی جائزے، مختلف ممالک کے مسلمانوں کے حالات اور خبروں کو اپنی خصوصی اشاعتوں کے لیے موزوں اور مفید پائیں گے۔ (ش۔ ح۔ م)